## انقلاب عالیشان محلوں سے نہیں بلکہ جھونپڑیوں اور غریب بستیوں سے جنم لیتے ہیں۔ الطاف حسین

## لاہور میں مختلف اضلاع کے ذمہ داروں، اے پی ایم ایس او کے کارکنوں اور پنجاب یونیورسٹی کے طلبہ سے فون پر فکر انگیز گفتگو

لاہور۔۔۔31دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ انقلاب عالیشان محلوں سے نہیں بلکہ جھونپڑیوں اور غریب بستیوں سے جنم لیتے ہیں۔ انہوں نے یہ بات لاہور میں ایم کیوایم کے مرکزی دفتر میں لاہور زون اور مختلف اضلاع کے ذمہ داروں، اے پی ایم ایس او کے کارکنوں اور پنجاب یونیورسٹی کے طلبہ سے فون پر فکر انگیز گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اپنی گفتگو میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ انسانی تاریخ میں جہاں کہیں بھی ظالمانہ اور جابرانہ نظام کے خلاف آواز حق اٹھی ہے اس نے ہمیشہ محروم ومظلوم اور کچلے ہوئے طبقہ سے جنم لیا ہے، ہر دور میں ظالم وجابر حکمرانوں نے اپنے اقتدار کو دوام بخشنے اور ظالمانہ طرز حکومت کے خلاف اٹھنے والی آوازوں کو کچلنے کیلئے ہمیشہ مذہب کو بطور ڈھال استعمال کیا اور آواز حق بلند کرنے والوں کو یا تو جلاوطن کردیا گیا، یا سولی پر لٹکا دیا گیا یا قتل کردیا گیا اور انکے پیغام حق کو پھیلنے سے روکنے کیلئے ظلم وجبر کا ہر ہتھکنڈہ اختیار کیا گیا مگر آج کئی صدیاں گزرجانے کے باوجود حق کی راہ میں جانوں کی قربانیاں دینے والوں کے نام تو لوگ جانتے ہیں لیکن انہیں قتل یا جلاوطن کرنے والوں کے نام کوئی نہیں جانتا، حق کی بات کرنے والے سقراط کے نام کو تو لوگ صدیاں گزرجانے کے باجود آج بھی جانتے ہیں لیکن اسے زہر دینے والے کا نام کوئی نہیں جانتا، نواسہء رسولؐ حضرت امام حسینؓ اور اہل بیت کو اپنی بادشاہت کی طاقت کی بل پر شہید کرنے والے یزید کو آج کوئی نہیں جانتا، کسی کے دل میں اس کا احترام نہیں جبکہ امام حسین اور اہل بیت کا نام آج بھی زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہے گا، یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ حق زندہ رہنے کیلئے اور باطل مٹنے کیلئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ جھوٹ اور مکروفریب تیزی سے پھیل جاتا ہے اور اس میں مشکلات نہیں ہوتیں، سچ دیر سے پھیلتا ہے مگر اس کی راہ میں بڑی قربانیاں دینی پڑتی ہیں اور مصائب ومشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پنجاب کے عوام کو مجھ سے متنفر کرنے کیلئے مجھے پنجابیوں پختونوں کا قاتل، پاکستان کا دشمن اور را اور انڈین ایجنٹ کہا گیا اور طرح طرح کے الزامات لگائے گئے لیکن میں حق اور سچ پر ڈٹا رہا آج پنجاب میں الطاف حسین کے چاہنے والے موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ جلد ہی لاہور میں ایم کیوایم کا بڑا جلسہ ہوگا، ایم کیوایم پنجاب کے کارکنان جلسہ عام کی تیاریاں شروع کردیں۔ جناب الطاف حسین نے علم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ قرآن مجید صرف مسلمانوں ہی کیلئے نہیں بلکہ کرہ ارض پر رہنے والے تمام انسانوں کیلئے راہِ ہدایت ہے اور اس میں علم کی دولت موجود ہے مگر ہم نے قران مجید کو پڑھا مگر غوروفکر نہیں کیا، جنہوں نے قرآ ن مجید پر غوروفکر کیا علم حاصل کیا انہوں نے زمین اور سمندر میں موجود قدرت کے خزانوں کو تلاش کرلیا اور سپر پاور بن گئے مگر ہم نے غوروفکر نہیں کیا جس کی وجہ سے آج ہم دنیا بھر سے بھیک مانگ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کا راز صرف اور صرف علم کے حصول میں ہے۔ انہوں نے اے پی ایم ایس او کے کارکنوں سے کہا کہ وہ علم کے حصول پر خصوصی توجہ دیں اور ساتھ ساتھ غوروفکر بھی کریں۔

## پاکستان سمیت دنیا بھر کے عوام کو الطاف حسین کی جانب سے سال نو کی مبارکباد

## اللہ کرے کہ 2011ء پاکستان سمیت دنیا بھر میں امن واستحکام، معاشی ترقی اور خوشحالی کا سال ثابت ہو۔ الطاف حسین

لندن ۔۔۔31دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے عوام کو سال نو کی مبارکباد پیش کی ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے 2011ء پاکستان سمیت دنیا بھر میں امن واستحکام، معاشی ترقی اور خوشحالی کا سال ثابت ہو۔ نئے سال کی آمد کے موقع پر اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ نیا سال ایک ایسے موقع پر آیا ہے کہ جب ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، ملک کے عوام کی بڑی تعداد سیلاب کی تباہ کاریوں کا شکار ہے، ملک معاشی بدحالی کا شکار ہے اور حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کے باعث بجلی، گیس، تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے سبب تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے

روزگاری، دہشت گردی اورامن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے باعث عوام میں بے چینی بڑھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جس طرح ہرسیاہ رات کے بعداجالا پھیلتا ہےاسی طرح ہمیں کامل یقین ہے کہ نئے سال کا سورج ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کےانقلاب کی نویدلیکرطلوع ہوگا اورظلم وستم کا شکارغریب عوام کوظلم سے نجات حاصل ہوگی۔جناب الطاف حسین نے تحریک کے تمام کارکنوں کوبھی خصوصی طور پرسال نو کی مبارکباد پیش کی اوران سے کہا کہ وہ سال نو کے آغاز پراس عزم کا اعادہ کریں کہ چاہے کیسے بھی حالات کیوں نہ ہوں ہم تمام ترمصائب ومشکلات اورنامساعدحالات کے باوجودتحریک کے مشن ومقصدکی تکمیل کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گےاوراپنے شہیدوں کی قربانیوں کورائیگاں نہیں جانے دیں گے۔

## میرے جملے سےعوام کی دل آزاری ہوئی ہےتومیں اس پرمعذرت خواہ ہوں

## حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر کی وضاحت

لندن ۔۔۔31دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے کہا ہے کہ مسلم لیگی رہنماء چوہدری نثار کے اشتعال انگیز بیان پرمیرا ردعمل فطری تھااورمیرے کسی جملے سےعوام کی دل آزاری ہوئی ہےتومیں اس پرمعذرت خواہ ہوں۔قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیں کسی بھی اشتعال انگیزی کے جواب میں صبروتحمل کا مظاہرہ کرنے کی ہدایت کی ہےلیکن دیگرسیاسی رہنماؤں پربھی لازم ہے کہ وہ تہذیب اورشائستگی کا مظاہرہ کریں اوردلائل کا جواب دلائل سے دیں۔

## ایم کیوایم پی آئی بی کالونی سیکٹرکےکارکن انواراحمدکےانتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن ۔۔۔31دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیرروڈسیکٹرکے سینئرکارکن 65سالہ انواراحمدکے انتقال پردلی رنج وغم اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے انواراحمدمرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابرکے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انواراحمدکواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل عطافرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن ثریاخالدکےشوہرکیپٹن خالدکےانتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن ۔۔۔31دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی سینئرکارکن ثریاخالدکےشوہرکیپٹن خالدکےانتقال پردلی رنج وغم اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ثریاخالدسمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابرکے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کیپٹن خالدکواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل عطافرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم کےسوگوارکارکنان سےرابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔31دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیرروڈسیکٹریونٹ58کے بزرگ کارکن انواراحمد،ایم کیوایم شعبہ خواتین کی سینئرکارکن محترمہ ثریاخالدکےشوہرکیپٹن خالد،ایم کیوایم سانگھڑزون شاہ سکندرآبادیونٹ کےکارکن کمال الدین کے بھائی حاجی محمدسالک شر،ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی جزائرسیکٹرمنوڑہ یونٹ کےکارکن محمداسلم کےوالدمیاں محمدشریف اورایم کیوایم ٹنڈوالہیارزون یونٹ ون بی کےکارکن محمدآصف خانزادہ کی ہمشیرہ محترمہ فوزیہ

رشید کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## پیٹرولیم مصنوعات کی کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی ---31دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ عوام پر مہنگائی کا بوجھ کا عمل بند کیا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایسے وقت میں جب ملک کے غریب عوام پہلے مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور انتہائی کسمپرسی کی کرب ناک زندگی گزارنے پر مجبور ہیں،عوام کی جانب سے دووقت کی روٹی کے حصول کیلئے بچوں کی فروخت اور اجتماعی خودسوزی اور خودکشیوں جیسے اقدامات روز کا معمول بن گئے ہیں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ سراسر ظلم ہے جس سے ملک میں مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والے اضافے سے اشیائے خوردونوش سمیت تمام اشیائے صرف کی چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا جس کا براہ راست ملک کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام پر پڑے گا جو پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے پس رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے اپنی شاہ خرچیوں کی مد میں لیئے جانے والے قرضے اتارنے کیلئے تنخواہ دار محنت کش غریب عوام پر بھاری ٹیکسوں کا بوجھ ڈالا جارہا ہے اوران سے جینے کا حق چھینا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب پیٹرولیم مصنوعات سمیت بجلی،گیس اورروزمرہ استعمال کی اشیائے خوردونوش اور دیگر استعمال کی چیزوں کی قیمتوں میں ہرآنے والے دن کے ساتھ ہوشربا اضافہ کیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے ایسے کسی بھی عوام دشمن اقدام کی ہرگز حمایت نہیں کرے گی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ عوام کے مفاد اور ملک کی سلامتی کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیئے جائیں۔حکومت پیٹرولیم مصنوعات اور ٹیکسوں کی مد میں تنخواہ دار محنت کش غریب عوام پر مہنگائی کا بوجھ بڑھانے کے بجائے ان لوگوں سے قوم کا پیسہ وصول کرے جو قومی خزانے سے اربوں کربوں روپے لیکر ہضم کرگئے اور جو ٹیکس ادا نہ کرکے قومی خزانے کو نقصان پہنچارہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے مطالبہ کیا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کیے گئے اضافے کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور غریب عوام پر مہنگائی کا بوجھ بڑھانے کا غیر منطقی اقدام فی الفور واپس لیا جائے۔

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر اور نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکنان کا تنظیم سے اخراج

کراچی ---31دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 184 کے کارکن نوید ولد نعیم اور نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 133 کے کارکن کلیم ناصر حقانی ولد ناصر حقانی کو تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی وغیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی ہدایت کی ہے کہ وہ اخراج شدہ افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆